# N 456

Seat No. | | | | | | | |

2020 III 21 1100 **-N 456-** SOCIAL SCIENCES (73) HISTORY & POLITICAL SCIENCE—PAPER I (U)

**Time : 2 Hours** **(Pages 11)** **Max. Marks : 40**

---

**ہدایات :—**

(1) تمام سرگرمیاں/سوالات حل کرنا لازمی ہے۔

(2) بائیں جانب کے اعداد سرگرمیاں/سوالات کے نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(3) سوال نمبر/سرگرمی نمبر 1 تا 5 مضمون تاریخ اور سوال نمبر/سرگرمی 6 سے 9 مضمون سیاسیات کے لئے ہیں۔

(4) سوال نمبر 1(A) اور سوال نمبر 6 کے لئے مکمل بیانات لکھنا لازمی ہے۔

(5) سوال نمبر 2(A) اور 8(B) کے تمام تصوراتی خاکے بال پین سے بنانا متوقع ہے۔

(6) سوال نمبر 1(A) اور (B) اور سوال نمبر 6 کو ایک مرتبہ سے زائد لکھنے پر جو پہلے لکھا ہے اُسکی ہی مارکس جوڑی جائیں گی۔

P.T.O.

Scanned with CamScanner

# 2/N 456

1. (A) ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو دوبارہ لکھئے :

(1) جدید تاریخ نویسی کا بانی ---------- کو کہا جاتا ہے۔

(a) والٹیر

(b) رینے ڈیکارٹ

(c) لیوپالڈوان رانکے

(d) کارل مارکس

(2) سائنس اور دیگر علمی شعبے ---------- کو موجد مانا جاتا ہے۔

(a) فلسفہ

(b) انتظامی علوم

(c) تاریخ

(d) انسانی علوم

Scanned with CamScanner

(3) مہابلیشور کے قریب بھیلار نامی گاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لئے مشہور ہے۔

(a) نباتات

(b) آم

(c) کتابوں

(d) قلعوں

(B) مندرجہ ذیل میں سے ہر گروپ میں غلط جوڑی پہچان کر لکھیے : 3

(1) (i) وی.کے.راجواڑے — مراٹھوں کے تاریخی ماخذ

(ii) سواتنتریہ ویر وی.ڈی.ساورکر — دی انڈین وار آف انڈی پنڈنس 1857ء

(iii) پنڈتا راما بائی — عورت اور مرد کا موازنہ

(iv) مہاتما پھلے — نچلی ذاتوں کی تاریخ

(2) (i) درپن — بال شاستری جامبھکر

(ii) کیسری — بال گنگا دھر تلک

(iii) دین بندھو — گوپال ہری دیسمکھ

(iv) پربھاکر — بھاؤ مہاجن



Scanned with CamScanner

(3) (i) گپھا — ماتھیران، چکھلدرا

(ii) ریلوے اسٹیشن — چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمنس ممبئی

(iii) جنگلاتی (مامن) — داجی پور

(iv) قدرتی ورثہ — مغربی گھاٹ اور کاش پٹھار

2. (A) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجیے (کوئی دو): 4

(1) مندرجہ ذیل جدول مکمل کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| • ........ | بھارت میں عالمی قدرتی ورثہ کے مقامات | مغربی گھاٹ |
| • ........ | | • ........ |
| قاضی رنگا قومی پارک | | • ........ |

Scanned with CamScanner

(2) تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے :




(3) تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے :






Scanned with CamScanner

(B) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجئے (کوئی دو): 4

(1) نسائی تاریخ

(2) تفریح کی ضرورت

(3) کھیلوں کی اہمیت

3. مندرجہ ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجئے (کوئی دو): 4

(1) والٹیر کو جدید تاریخ نویسی کا بانی کہا جاتا ہے۔

(2) یونیسکو کی جانب سے عالمی ورثے کے مستحق 'مقامات' روایات کی فہرست شائع کی جاتی ہے۔

(3) فن کی تاریخ کا گہرا علم رکھنے والے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے۔

(4) محافظ خانے اور کتب خانے وسائل اور دیگر مطبوعات شائع کرتے ہیں۔

4. درج ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی گئی سرگرمیاں مکمل کیجئے: 4

دشاوتاری ڈرامے: دشاوتاری (دس اوتار والا) ڈرامہ مہاراشٹر کے عوامی فن کی ایک قسم ہے جس کے تجربات کوکن اور گوا میں بھی کیے جاتے ہیں۔ دشاوتاری ناٹک

Scanned with CamScanner

متسیہ، کورم، وَراہ، نرسمہا، وامن، پرشورام، رام، کرشن، بدھ اور کالکی اِن دس اوتاروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ناظم سب سے پہلے گنیش کی پوجا کرتا ہے۔

دشاوتاری ڈراموں میں کرداروں کی اداکاری، ان کا میک اَپ اور پوشاک روایتی طرز کے ہوتے ہیں۔ ڈرامے کا زیادہ تر حصہ منظوم ہوتا ہے۔ کچھ مکالمے کردار کے خودساختہ ہوتے ہیں۔ دیوی دیوتاؤں کے لئے لکڑی کے نقاب (ماسک) استعمال کیے جاتے ہیں۔ ڈراموں کا اختتام ہانڈی پھوڑ کردہی بانٹ کر اور آرتی کے ساتھ ہوتا ہے۔

اٹھارہویں صدی عیسوی میں شیام جی نائیک کالے نے دشاوتاری ڈرامے دِکھانے والا ایک گروپ تیار کیا تھا۔ اس گروپ کو لے کر وہ مہاراشٹر بھر میں گھومتے تھے۔

وِشنوداس بھاوے نے دشاوتاری ڈرامے کی تکنیک میں نیاپن لاکر اپنے دیومالائی ڈرامے پیش کیے جس کی وجہ سے مراٹھی ڈراموں کی بنیاد دشاوتاری ڈراموں کو کہا جاتا ہے۔



Scanned with CamScanner

# 8/N 456

سوالات :

(1) دشاوتاری ڈراما کس ریاست کے عوامی فن کی ایک قسم ہے ؟ 1

(2) ناظم سب سے پہلے کس کی پوجا کرتا ہے ؟ 1

(3) دشاوتاری ڈرامے کی وضاحت کیجیے ۔ 2

5. درج ذیل کے مفصل طور پر جواب لکھیے (کوئی دو) : 6

(1) مارکس وادی تاریخ نویسی کی وضاحت کیجیے ۔

(2) تحریری ماخذ میں کار آمد تربیت کے بارے میں لکھیے ۔

(3) واضح کیجیے کہ فن کے شعبے میں کون سے پیشہ وارانہ مواقع میسّر ہیں ؟

(4) اخبارات کی ابتداء سے پہلے خبریں دنیا میں کس طرح پہنچائیں جاتی تھیں ؟

Scanned with CamScanner

6. درج ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو دوبارہ لکھئے:

(1) جمہوریت کی روح یعنی ---------

(a) بالغ رائے دہی

(b) حکومت کی لامرکزیت

(c) محفوظ نشستوں کی پالیسی

(d) عدالتی فیصلے

(2) کسانوں کی تحریک کا سب سے اہم مطالعہ --------- ہے۔

(a) جنگل کی زمین پر کاشتکاری کا حق دیا جائے

(b) زرعی پیداوار کو مناسب قیمت دی جائے

(c) صارفین کا تحفظ کیا جائے

(d) بند تعمیر کیے جائیں



Scanned with CamScanner

.7 مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجوہات کے ساتھ لکھئے (کوئی دو) : 4

(1) بھارتی جمہوریت کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت تسلیم کیا جاتا ہے۔

(2) سیاسی پارٹیاں حکومت اور عوام کے درمیان رابطہ کی کڑی کی حیثیت سے کام کرتی ہیں۔

(3) بائیں بازو کی شدت پسند تحریک میں آج کسانوں اور ادی واسیوں کے مسائل کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔

.8 (A) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجئے (کوئی/ایک) : 2

(1) حقِ معلومات

(2) علاقائیت

(B) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ تیار/مکمل کیجئے (کوئی/ایک) : 2

(1) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے :




Scanned with CamScanner

(2) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے :




9. مختصر جواب لکھیے (کوئی ایک) : 2

(1) انتخابی ضابطہء اخلاق سے کیا مراد ہے؟

(2) آزادی سے قبل خواتین کی تحریک کن اصلاحات کے لئے جدوجہد کر رہی تھیں؟

Scanned with CamScanner